© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**شرک** از جناب محمد نواز صاحب ناشر: ادارۂ دعوت و اصلاح - ۲۳-الف سٹیلائٹ ٹاؤن - رحیم یار خان - قیمت: -/۱۸ روپے

"اُن فتنوں سے پہلے پہلے نیکیاں کر لو جو اندھیری رات کی طرح تاریک ہوں گے - صبح کو ایک شخص مومن ہوگا اور شام کو کافر ہو جائے گا اور شام کو کوئی مومن ہوگا تو صبح کو کافر بن جائے گا"-

(ارشاداتِ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم)

جس دردمندی سے حضورؐ نے ایسے خطرناک حالات کے نمودار ہونے کی پیش گوئی کی تھی، اس کے اثر سے آدمی کانپ جاتا ہے کہ اس کے گرد و پیش کیا ہو رہا ہے اور خود اُس کی ذات کون سے گردابوں اور بھنوروں میں پھنسی ہوئی ہے - اس کے ساتھ مؤلف نے چند اور روایتیں لکھی ہیں - جو آج کے نقشۂ احوال کے مزید خد و خال کو نمایاں کر دیتی ہیں - نبی پاکؐ سچے خدا کی طرف سے آئے تھے، انھوں نے سچ فرمایا اور ان کی ارشاد کردہ باتیں مجسم سچ بن کر سامنے آ رہی ہیں -

اسی دردمندی کے ساتھ محمد نواز صاحب نے شرک جیسے دشمنِ انسانیت روگ کے متعلق یہ کتاب لکھی ہے، ان کا مقصد نہ مناظرہ ہے، نہ فرقہ وارانہ جھمیلوں سے دلچسپی لینا ہے اور نہ قلم کا سکہ چلانا، بلکہ وہ ہم غفلت زدہ لوگوں کو خطرے سے آگاہ کرنا چاہتے ہیں -

شرک جو سب سے بڑا ظلم اور جرم ہے اور جس کے لیے قرآنی اعلان کے مطابق معافی نہیں ہے، انسان کی ایمانی و روحانی اور اخلاقی و اخروی زندگی کے لیے سامانِ ہلاکت

© rasailojaraid.com